
# 43:سورۃالزّخرُف

*Flow Chart* *Macro Structure*

| مکّیہ | آیات: 89 | پیراگراف:9 |
|---|---|---|




**زمانۂ نزول اور پس منظر:** سورۃالزّخرُف قیامِ مکہ کے آخری دور میں (11 تا 13 نبوی) سورۃالدّخان اور سورۃالجاثیۃ کے نزول کے غالباپانچ چھ سال بعد سورۃالشّوریٰ کے ساتھ ہوئی۔ یہ وہی زمانہ تھا، جب رسول اللہ

ﷺ کے خلاف قریش کے سردار جادو وغیرہ کے الزامات لگا رہے تھے اور متحدہ طور پر رسول اللہ ﷺ کے قتل کی سازشیں کر رہے تھے۔ اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ۚ (آیت 79)

یہ (حامیم کے سلسلے کی چوتھی سورت ہے، لیکن نزول کے اعتبار سے آخری ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو ان مشکل حالات میں تسلی دی گئی، آیت:89)۔ چند سالوں میں قریش شکست سے دوچار ہو کر رہیں گے۔